ناپسندیدہ واقعہ یا بے بسی کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالی کے یہاں طاقتور مومن کمزور مومن سے بہتر اور زیادہ محبوب ہے جبکہ دونوں میں اچھائی موجود ہے، جو چیز تمہیں فائدہ پہونچا سکتی ہے اسے حاصل کرنے کی کوشش کرو اور اللہ تعالی سے مدد مانگو، بے بس ہو کر نہ بیٹھو۔ اگر تمہین کوئی نقصان پہونچ جائے تو یہ نہ کہو "کاش میں اس طرح کر لیتا"

بلکہ کہو **"قَدَّرَ اللهُ وَمَا شَاءَ فَعَلَ"** اللہ نے مقدر فرمایا اور اس نے جو چاہا کیا۔

کیونکہ "اگر مگر" کا لفظ شیطان کو دخل اندازی کا موقعہ دیتا ہے۔ (مسلم)